© rasailojaraid.com

تبصرے

المختار من شعر ابن الدمینہ : از ڈاکٹر مختارالدین احمد آرزو

تقطیع کلاں، ضخامت ۱۰۰ صفحات، ٹائپ بہتر، قیمت پانچ روپے۔

پتہ : ادارۂ علوم اسلامیہ مسلم یونیورسٹی، علی گڈھ (یو۔پی)

اُردو زبان کے علمی اور ادبی حلقوں میں ڈاکٹر مختارالدین احمد صاحب آرزو ایک ماہر و محقق غالبیات کی حیثیت سے مشہور ہیں لیکن دراصل وہ عربی شعر و ادب کے محقق و نقاد ہیں اور اس سلسلہ میں ان کی متعدد علمی کاوشیں طبع ہو کر اربابِ نظر سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں، زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

یہ کتاب عربی کے مشہور قدیم شاعر عبداللہ بن دمینہ کے اُن منتخب اشعار پر مشتمل ہے جنھیں خالدین نے اپنی کتاب "الاشباہ والنظائر" میں نقل کیا تھا، اگرچہ اس اثنا میں الاستاذ راتب النفاخ نے بڑی محنت و جانفشانی سے اڈٹ کر کے ابن الدمینہ کا پورا دیوان ہی شائع کر دیا ہے اور کتاب "الاشباہ والنظائر" کا پہلا حصہ بھی شائع ہو چکا ہے، تاہم ڈاکٹر صاحب کے اس کارنامہ کی اہمیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیوں کہ خالدین نے صرف ابن الدمینہ کے اشعار منتخب نہیں کیے بلکہ اُسی مضمون کے دوسرے شعراء کے اشعار بھی نقل کر دیے ہیں اور موازنہ کر کے اُن میں سے ہر ایک کے کلام پر رائے دی ہے، علاوہ ازیں خالدین جیسے بلند پایہ سخن فہم و سخن سنج ادیبوں کا کسی نامور شاعر کے اشعار کا نفسِ انتخاب بھی کچھ کم اہم نہیں ہے۔ پھر اس انتخاب میں متعدد اشعار ایسے بھی ہیں

© rasailojaraid.com